سوال

داڑھی

جواب

داڑھی کی کم سے کم حد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کم سے کم داڑھی کتنی ہونی چاہیئے ۔ کیا ہونٹ کے نیچے اور گردن پر خط بنوا سکتے ہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! داڑھی کو مکمل طور پر چھوڑنا ہی نبی کریم کی سنت ہے ۔ ہونٹوں کے نیچے سے یا گردن سے بال کاٹنے جائز نہیں ہیں ۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : «انْهَكُوا الشَّوَارِبَ، وَأَعْفُوا اللِّحَى» (صحیح بخاری : ۲ ۸۷۵، ح : ۵۸۹۳) ''مونچھوں کو ختم کرو اور داڑھیوں کو بڑھاؤ۔'' سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہی حدیث ان الفاظ سے بھی مروی ہے : «خَالِفُوا الْمُشْرِكِينَ أَحْفُوا الشَّوَارِبَ، وَأَوْفُوا اللِّحَى» (صحیح مسلم : ۱ ۱۲۹، ح : ۵۴ ۲۵۹) ''مشرکین کی مخالفت کرو، مونچھیں کاٹو اور داڑھیاں بڑھاؤ۔'' مذکورہ بالا احادیث نبویہ سے ثابت ہوتا ہے کہ کم سے کم داڑھی منڈوانا بھی ایک حرام عمل ہے ۔ اور ہمارے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں ہے ، جس میں خط بنوانے یا مٹھ سے زیادہ کاٹنے کی اجازت ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ